سوال

(78) کیا کوئی عورت کسی جانور کو ذبح کر سکتی ہے۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی عورت کسی جانور کو ذبح کر سکتی ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بوقت ضرورت عورت جانور کو ذبح کر سکتی ہے۔ اور اس کا ذبحہ کیا ہوا حلال اور درست ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک عورت نے ایک بکری ذبح کر دی تھی۔ آپ ﷺ نے حلال کا حکم فرمایا تھا۔ (بخاری شریف)

(از مولانا عبد اسلام بستوی دہلوی اخبار اہل حدیث دہلی جلد 9 ش 3۔16)

توضیح

بوقت ضرورت کی قید اتفاقی ہے۔ ورنہ مطلقاً عورت جانور ذبح کر سکتی ہے۔ ممانعت پر دلیل نہیں۔ (سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 13 ص 190

محدث فتویٰ